## ضروری ہدایات برائے بیرونِ ملک طلباء

## آن لائن امتحانات برائے بیرونِ ملک پاکستانی طلباء سمسٹر خزاں-2020

## (Online Exams for Overseas Pakistani Students Semster, Autumn 2020)

عزیز طلبہ!

جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ کرونا وائرس (Covid-19) کے پیشِ نظر بیشتر تعلیمی ادارے بند ہیں جس کی وجہ سے یونیورسٹی نے بیرون ملک مقیم طلباء کا امتحان آن لائن بذریعہ لرننگ مینجمنٹ سسٹم (LMS) Online through لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کیلئے ضروری نکات درج ذیل ہیں۔

(1) آن لائن امتحان کیلئے لرننگ مینجمنٹ سسٹم پر ہر طالبعلم کا اکاؤنٹ بنا دیا گیا ہے۔ لاگ ان آئی ڈی (login-ID) اور پاسورڈ (Password) بذریعہ ای میل بھیج دیا ہے۔ اگر کسی طالبعلم کو دشواری ہو تو فون نمبر 0519250051 پر یا conduct.exams@aiou.edu.pk پر email کر کے مدد لی جا سکتی ہے۔

(2) بی اے، بی ایڈ اور ایم بی اے پروگراموں کے آن لائن امتحانات مورخہ 22 مئی، 2021ء سے شروع ہوں گے۔ جلد ہی یونیورسٹی ویب سائٹ پر ڈیٹ شیٹ اور رولنمبر سلپ جاری کر دی جائیں گی۔

(3) سوالیہ پرچہ ڈیٹ شیٹ پر دیئے گئے وقت کے مطابق جی ایم ٹی (10:00hrs) پر متعلقہ کورس اکاؤنٹ میں اَپ لوڈ (Upload) ہوگا اور طالبعلم اپنے جوابات خود اپنے ہاتھ سے کسی بھی قسم کی سفید شیٹ/ کاغذ پر حل کرنے کے بعد سکین (Scan) کرے اور پی ڈی ایف (PDF) فائل جس کا سائز 5MB سے زیادہ نہ ہو 3 گھنٹے کے اندر لرننگ مینجمنٹ سسٹم اکاؤنٹ میں اَپ لوڈ (upload) کرے۔

(4) امتحان کے لئے 3 گھنٹے (آغاز 10:00 GMT اور اختتام 13:00 GMT) کا وقت دیا جائے گا طالب علم اپنے جوابات کی سکین (Scan) 15 منٹ میں مکمل کر لے۔ کیونکہ مقررہ وقت (13:15 GMT) کے بعد اَپ لوڈ (upload) کی سہولت ختم کر دی جائے گی اور اسطرح وہ امتحان میں ناکام تصور ہوگا۔

(5) آپ کے ملک کا مقامی وقت (Local Time) بھی آپ کی ڈیٹ شیٹ (Date Sheet) اور سوالیہ پرچہ پر درج ہے۔

(6) ہر طالب علم کے ای میل اکاؤنٹ میں ایم ایس ٹیم (Microsoft Team) کا لنک ارسال کیا جائے گا طالب علم لاگ ان ہو کر ٹریننگ میں حصہ لے گا اور پرچہ شروع ہونے سے قبل کیمرہ آن کر کے کمرے کا اندورنی منظر دکھانے کے بعد کیمرے کے سامنے امتحان دے گا۔ اس مقصد کے لئے سمارٹ موبائل فون بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

(7) جوابات اپنے ہاتھ سے ہی لکھیں اور ہر صفحے پر دستخط لازمی کریں۔ ہر کورس کے جوابات کے آخر میں بیان حلفی (جو کہ ان ہدایات کے آخر میں ہے) لازمی پُر کریں۔

(8) ٹائپ شدہ جوابات یا کسی اور کے ہاتھ سے لکھے گئے جوابات مسترد کر دیے جائیں گے اور نقل کا مقدمہ (unfair means case) بنایا جائے گا۔ آپ کی لکھائی کی تصدیق آپ کی پہلے جمع شدہ مشقوں یا پرانے جوابی پرچوں کے ساتھ کی جائے گی۔

(9) آن لائن امتحانات کی دیگر ہدایات ویب سائٹ اور ای میل کے ذریعے جاری کی جائیں گی۔

**ڈاکٹر ملک توقیر احمد خان**

(کنٹرولر امتحانات)

فون نمبر: 0519250051

(conduct.exams@aiou.edu.pk)

# بیان حلفی

## آن لائن امتحانات برائے بیرونِ ملک پاکستانی طلباء سمسٹر خزاں-2020

## (Online Exams for Overseas Pakistani Students Semster, Autumn 2020)

| | |
|---|---|
| نام طالب علم------------------------------ | والد کا نام--------------------------- |
| رول نمبر---------------------------------- | رجسٹریشن نمبر------------------------- |
| وقت(GMT)---------------------------- | تاریخ-------------------------------- |

میں حلفیہ بیان کرتا/کرتی ہوں کہ میں نے اپنی رول نمبر سلپ کے مطابق دیئے گئے کورس کوڈ کے جوابات خود اپنے ہاتھ سے تحریر کر کے پی ڈی ایف فائل (سائز 5MB سے زیادہ نہیں) بنا لی ہے اور مقررہ وقت پر اَپ لوڈ (upload) کر رہا/رہی ہوں۔ جوابات پہلے سے جمع شدہ مشقوں یا پرانے جوابی پرچوں کے ساتھ تصدیق کی صورت میں اگر کوئی چال بازی یا چربہ سازی پائی گئی تو میرے خلاف نقل کا مقدمہ (UMC) بنایا جائے۔

دستخط طالب علم-----------------------